## ملک کودہشت گردوں سے نجات دلانے کیلئے برسرپیکار مسلح افواج اورسیکورٹی فورسز سے اظہاریکجہتی کیلئے ملک بھر کے عوام اپنے گھروں، دکانوں اورکاروباری وتجارتی مراکز پرقومی پرچم لہرائیں۔الطاف حسین

## پاکستان انتہائی نازک دور سے گزررہا ہے،صوبہ سرحد میدان جنگ بنا ہوا ہے

## ملک کی سلامتی اوراستحکام کوشدید خطرات لاحق ہیں، ملک کواتحادویکجہتی کی جتنی ضرورت آج ہے اتنی پہلے کبھی نہ تھی

لندن۔۔۔8مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھرکے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ پاکستان کی سلامتی اور ملک کو دہشت گردوں سے نجات دلانے کیلئے برسرپیکار پاکستان کی مسلح افواج اورسیکورٹی فورسز سے اظہاریکجہتی کیلئے اپنے گھروں، دکانوں اورکاروباری وتجارتی مراکز پرقومی پرچم لہرائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان اس وقت انتہائی نازک دور سے گزررہا ہے،صوبہ سرحدمیدان جنگ بنا ہوا ہے، مسلح طالبان پاکستان کوداخلی طورپرغیر مستحکم کرنے کیلئے مسلح افواج اور سیکورٹی فورسز سے باقاعدہ جنگ کررہے ہیں،سرکاری ونجی املاک، تھانوں، پلوں، تعلیمی اداروں، اولیائے کرام کے مزارات اورمخالفین کے گھروں کوبموں سے اڑارہے ہیں جس سے ملک کی سلامتی اوراستحکام کوشدید خطرات لاحق ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کواتحادوقومی یکجہتی کی جتنی ضرورت آج ہے اتنی پہلے کبھی نہ تھی لہٰذاوہ ملک بھرکے عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ پاکستان کی سلامتی واستحکام کیلئے اپنی جانیں ہتھیلی پرلیکر بہادری سے لڑنے والے مسلح افواج اورسیکورٹی فورسز سے اظہاریکجہتی کیلئے اپنے اپنے گھروں، دکانوں اورکاروباری وتجارتی مراکز پرقومی پرچم لہرائیں اورملک کی سلامتی واستحکام کیلئے حکومت اور مسلح افواج کا ہرسطح پربھرپورساتھ دیں۔

## طالبان فرقہ واریت پھیلاکرپاکستان کی سلامتی وبقاءکوبھی داؤ پرلگارہے ہیں، الطاف حسین

## پشاور کے علاقے ریگی میں معروف بزرگ شیخ عمربابا کے مزارپربم دھماکے پراظہار مذمت

لندن۔۔۔8مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاورمیں طالبان کے دہشت گردوں کی جانب سے معروف بزرگ شیخ عمربابا کے مزارکوبم دھماکے سے اڑانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان کے دہشت گرد نہ صرف اپنی خودساختہ شریعت ملک بھرکے عوام پرمسلط کرنا چاہتے ہیں بلکہ شرانگیز کارروائیوں کے ذریعے فرقہ واریت پھیلانے کی بھی سازش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پشاور کے علاقے ریگی میں معروف بزرگ شیخ عمربابا کے مزارکوبم دھماکے سے اڑانے کے واقعہ سے ملک بھرکے عوام میں شدیدغم وغصہ پایا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبان کے دہشت گردوں کی اشتعال انگیز کارروائیوں سے ثابت ہوگیا ہے کہ وہ فرقہ واریت پھیلاکر پاکستان کی سلامتی وبقاءکوبھی داؤ پرلگارہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدرآصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اوروفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ شیخ عمربابا کے مزارپردہشت گردی کا فوری نوٹس لیا جائے اوراس کے ذمہ داردرندہ صفت دہشت گردوں کوقانون کے مطابق سخت ترین سزادی جائے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائدالطاف حسین کی وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کی فون پرگفتگو

## دہشت گردی کے خاتمہ اورملک کوبچانے کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا

## ہم نے طالبانائزیشن کے خلاف اصولی مؤقف اختیارکیااورتمام ترمصلحتوں سے بالاترہوکراپنے مؤقف پرڈٹے رہے۔الطاف حسین

## حکومت اورمسلح افواج کی مکمل حمایت کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہیں۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی الطاف حسین سے گفتگو

لندن۔۔۔8 مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کوفون کرکے انہیں دہشت گردی کے خاتمہ اورملک کوبچانے کیلئے ایم کیوایم کی جانب

سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کوقوم سے ان کے جراتمندانہ خطاب پرزبردست مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ ہم نے طالبانائزیشن کے خلاف روزاول سے اصولی موٴقف اختیارکیا اورتمام ترسیاسی مصلحتوں سے بالاتر ہوکراپنے موٴقف پرڈٹے رہے۔انہوں نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف بھرپورآپریشن کے اعلان کا بھرپورخیرمقدم کیااوروزیراعظم کویقین دلایا کہ ملک کودہشت گردوں سے نجات دلانے کیلئے ایم کیوایم حکومت اورمسلح افواج کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کی جانب سے حکومت اورمسلح افواج کی مکمل حمایت کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے اورآپ کے مقاصدایک ہیں اورحکومت ملک کودہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے کسی بھی قسم کی کسراٹھانہیں رکھے گی۔

## پشاورمیں طالبان کی جانب سے معروف بزرگ حضرت شیخ عمربابا کے مزارکوبم سے اڑانا قابل مذمت ہے۔الطاف حسین

## طالبان فرقہ واریت پھیلاکر پاکستان کی سلامتی وبقاءکوبھی داوٴپرلگارہے ہیں

لندن۔۔۔8،مئی2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاورمیں طالبان کے دہشت گردوں کی جانب سے معروف بزرگ حضرت شیخ عمربابا کے مزارکوبم سے اڑانے کی شدید مذمت کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان کے دہشت گردنہ صرف اپنی خودساختہ شریعت ملک بھرکےعوام پرمسلط کرنا چاہتے ہیں بلکہ شرانگیز کارروائیوں کے ذریعےفرقہ واریت پھیلانے کی بھی سازش کررہے ہیں۔طالبان نے اس سے قبل پشاورمیں معروف صوفی بزرگ حضرت رحمان بابا کے مزارکوبھی بم سے اڑادیا تھا۔انہوں نے کہا کہ پشاورکے علاقے رنگی میں معروف بزرگ شیخ عمربابا کے مزارکوبم دھماکے سے اڑانے کے واقعہ سے ملک بھرکےعوام میں شدید غم وغصہ پایاجاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبان کے دہشت گردوں کی اشتعال انگیز کارروائیوں سے ثابت ہوگیا ہے کہ وہ فرقہ واریت پھیلاکر پاکستان کی سلامتی وبقاءکوبھی داوٴپر لگارہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدرآصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اوروفاقی مشیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ حضرت شیخ عمربابا کے مزارپر دہشت گردی کا فوری نوٹس لیاجائے اوراس کے ذمہ داردرندہ صفت دہشت گردوں کوقانون کے مطابق سخت ترین سزادی جائے۔

## مخیرّ حضرات شمالی علاقہ جات میں طالبان کی وحشیانہ کارروائیوں کے باعث نقل مکانی کرنے والےمصیبت زدہ خاندانوں کی بڑھ چڑھ کرمدد کریں،رابطہ کمیٹی

## مصیبت زدہ خاندانوں کوغذائی اجناس،چائے کی پتی،شکر،خشک دودھ،خیموں،کمبل، سلےسلائے نئے کپڑے،ادویات اورضروریات زندگی کی دیگراشیاءکی اشدضرورت ہے

## حق پرست عوام اورمخیرّ حضرات اپنے عطیات اورامدادی اشیاءخدمت خلق فاوٴنڈیشن میں جمع کرائیں

لندن۔۔۔8،مئی2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نےحق پرست عوام بالخصوص مخیرّ حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ شمالی علاقہ جات سےنقل مکانی کرنے والے مصیبت زدہ خاندانوں کی بڑھ چڑھ کرامداد کریں اوراپنے عطیات خدمت خلق فاوٴنڈیشن میں جمع کرائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ پختونخواہ میں طالبان کی وحشیانہ کارروائیوں اوردہشت گردیوں کے باعث سوات،بونیر،دیراوردیگرعلاقوں سے لاکھوں کی تعدادمیں عوام نقل مکانی کرکے کھلےآسمان تلے بھوک وافلاس کی زندگی گزارنے پرمجبور ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شمالی علاقہ جات سےنقل مکانی کرنے والےمصیبت زدہ خاندانوں کوغذائی اجناس،چائے کی پتی،شکر،خشک دودھ،خیموں،کمبل،سلےسلائے نئے کپڑے،ادویات اورضروریات زندگی کی دیگراشیاءکی اشدضرورت ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کے فلاحی ادارےخدمت خلق فاوٴنڈیشن کی جانب سےشمالی علاقہ جات میں طالبان کی دہشت گردیوں کے باعث نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کی امدادکیلئے غذائی اجناس،ادویات اورضروریات زندگی کی دیگراشیاءجمع کرنے کیلئے امدادی کیمپ قائم کیاگیاہے جہاں مصیبت زدہ خاندانوں کی امدادکیلئے غذائی اجناس اوردیگرامدادی اشیاءجمع کی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نےحق پرست عوام بالخصوص مخیرّ حضرات سےاپیل کی کہ وہ آزمائش کی اس گھڑی میں شمالی علاقہ جات کےمصیبت زدہ خاندانوں کوہرگزتنہانہ چھوڑیں،ان کی بڑھ چڑھ کرمدد کریں،امدادی سامان اورنقدعطیات خدمت خلق فاوٴنڈیشن کےمرکزی دفترواقع فیڈرل بی ایریامیں جمع کرائیں۔

☆☆☆☆☆